سبق:10

سُورج



اگر نہ ہوتا سورج جگ میں دن ہی کہاں نِکلتا
مُرغا بھی سوتا ہی رہتا، بانگ کبھی نہ دیتا
کبھی فلک پہ گھٹا نہ ہوتی، کبھی نہ بارش آتی
بارش کا موسم نہ ہوتا، کیسے کوئل گاتی
اگر نہ ہوتا سورج جگ میں، پودے کہاں پنپتے
سورج میں گرمی نہ ہوتی آم کہاں سے پکتے
ماہتاب روشن نہ ہوتا، موسم کہاں بدلتے
اِس دُنیا کے کام بنا سورج کے کیسے چلتے
سورج گر نہ ہوتا تو اِس دُنیا کا کیا ہوتا
دَریا میں پانی نہ ہوتا، غلہ کوئی نہ ہوتا

(ماخوذ)

1. پڑھیے اور سمجھیے

لفظ	معنیٰ
جگ	دُنیا
فلک	آسمان
گھٹا	بادل
ماہتاب	چاند
روشن	اُجالا
فصل	اَناج
بانگ	مرغے کی آواز

2. سوچیے اور بتایئے:

بارش کیوں نہیں ہوتی؟

آم کیسے پکتے ہیں؟

اگر سورج نہیں ہوتا تو دنیا کی حالت کیا ہوتی؟

3. مخالف معنی کے الفاظ کو ضد یا متضاد کے نام سے جانتے ہیں

پچھلے اسباق میں آپ کچھ الفاظ کے اُلٹے الفاظ لکھ چکے ہیں، ان اُلٹے الفاظ کو ضد یا متضاد الفاظ بھی کہتے ہیں جیسے: آزاد - غلام

اسی طرح نیچے دیے گئے الفاظ کی ضد لکھیے:

گرمی	
دن	
فلک	
جاگنا	
مرغا	

4. دیے گئے الفاظ کو مناسب جگہوں میں بھریے

آم	ماہتاب	کہاں	گرمی	سورج
کہاں	پانی	فصل	جگ	کیا

اگر نہ ہوتا سورج .... میں دن ہی .... نکلتا

سورج میں .... نہ ہوتی .... کہاں سے پکتے

.... روشن نہ ہوتا، موسم .... بدلتے

.... گر نہ ہوتا تو اس دنیا کا .... ہوتا

دریا میں .... نہ ہوتا .... نہ کوئی ہوتا

5. خوشخط لکھیے:

اگر نہ ہوتا سورج جگ میں پودے کہاں پنپتے

....

....

....

....

....

6. جملوں میں استعمال کیجیے

	مرغا
	بارش
	کوئل
	ماہتاب
	فصل